شب و روز

سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ ضیائیہ عطاریہ کے مشائخِ کرام کا مختصر تذکرہ و تعارف

## مختصر تذکرہ

# مشائخِ سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ




پیشکش
المدینۃ العلمیۃ
Islamic Research Center

# مختصر تذکرہ

# مشائخِ سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ

مؤلف

مولانا ابو ماجد محمد شاہد عطاری مدنی

(The member of Central Executive Committee of Dawat-e-Islami)

پیشکش: المدینۃ العلمیہ، شعبہ دعوتِ اسلامی کے شب وروز

www.dawateislami.net

## کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

**اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام**

(مُستطرَف، ج1، ص40، دارالفکر بیروت)

(اوّل آخر ایک بار دُرُود شریف پڑھ لیجئے)


نام رسالہ : مختصر تذکرہ مشائخِ سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ

مؤلف : رکن شوریٰ مولانا ابو ماجد محمد شاہد عطاری مدنی

صفحات : 45

اشاعت اوّل : مارچ 2025 (ویب ایڈیشن)

پیشکش : مجلس المدینۃ العلمیۃ، شعبہ دعوتِ اسلامی کے شب وروز

news.dawateislami.net

# فہرست



| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 05 | حضورِ سرورِعالَم، محبوب ربّ لم یزل محمد مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم | 01 |
| 06 | امیر المؤمنین حضرتِ سیّدنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہ تعالٰی وجھَہُ الکریم | 02 |
| 07 | سیّدُ الشُّہداء، حضرتِ سیّدُنا امامِ حسین رضی اللّٰہُ عنہ | 03 |
| 08 | سجادِ اُمّت، حضرت سیّدنا امام زینُ العابدین رحمۃ اللّٰہِ علیہ | 04 |
| 09 | استاذُ التابِعین حضرتِ سیّدنا امام محمد باقِر رحمۃ اللّٰہِ علیہ | 05 |
| 10 | امامُ الوقت حضرت امام جعفر صادِق رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 06 |
| 11 | سیّدُ البغداد حضرت سَیّدُنا ابوالحسن امام مُوسٰی کاظم رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 07 |
| 12 | شمس الشموس حضرت امام ابوالحسن علی رضا رحمۃ اللّٰہِ علیہ | 08 |
| 13 | شیخِ وقت حضرتِ سیّدنا شیخ معروف کرخی رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 09 |
| 14 | حضرت سیّدنا ابوالحسن سَری سَقَطی رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 10 |
| 15 | امامُ الطّائِفہ حضرت سیّدُنا ابوالقاسم جنید بغدادی رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 11 |
| 16 | حضرت امام ابو بکر جعفر بن یونس شِبلی رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 12 |
| 17 | امامِ حنابلہ، شیخ ابوالفضل عبدالواحد تمیمی حنبلی رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 13 |
| 18 | حضرت سیّدنا ابوالفَرح محمد یوسف طَرطُوسی رحمۃ اللّٰہِ علیہ | 14 |
| 19 | شیخ الاسلام حضرتِ سیّدنا ابوالحسن علی بن احمد ہکّاری رحمۃُ اللّٰہِ علیہ | 15 |





www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 16 | مرشد غوث الاعظم حضرت شیخ ابو سعید مبارک مخزمی رحمۃُ اللہِ علیہ | 20 |
| 17 | غوثُ الاعظم حضرتِ سیّد شیخ عبد القادر جیلانی حَسَنی حُسینی رحمۃُ اللہِ علیہ | 21 |
| 18 | تاج الاصفیاء، حضرت سیّد عبد الرّزّاق جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ | 22 |
| 19 | عمادُ الدین حضرتِ سیّدنا ابو صالح عبد اللہ نَصر جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ | 23 |
| 20 | سیّد الاولیاء حضرت سیّد محی الدین ابو نصر محمد جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ | 24 |
| 21 | رہنمائے ملت حضرت سید علی بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ | 25 |
| 22 | قدوۃُ السالکین، حضرت سیّد میر موسیٰ جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ | 26 |
| 23 | زینتِ خاندانِ غوثِ اعظم حضرت سیّدنا شیخ سیّد حسن بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ | 27 |
| 24 | عارفِ ربّانی حضرت شیخ سیّد احمد جیلانی بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ | 28 |
| 25 | حضرت علامہ بہاؤ الدین بن ابراہیم انصاری قادری شطّاری رحمۃُ اللہِ علیہ | 29 |
| 26 | امام الاولیاء حضرت علامہ سید ابراہیم ایرچی حسینی رحمۃُ اللہِ علیہ | 30 |
| 27 | حضرتِ علّامہ قاری شاہ محمد نظامُ الدّین بھکاری علَوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ | 31 |
| 28 | امامُ الاَصفِیاء حضرت سیّدنا قاضی ضیاءُ الدّین جیاء عثمانی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ | 32 |





www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 29 | جمال ملت حضرت علامہ سیّد جمالُ الاولیا کوڑوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ | 33 |
| 30 | سید الاولیا حضرت پیر سید محمد کالپوی ترمذی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ | 34 |
| 31 | حضرت علّامہ پیر سیّد احمد شاہ ترمذی کالپوی رحمۃُ اللہِ علیہ | 35 |
| 32 | حضرت علامہ پیر سیّد فضل اللہ شاہ تِرمذی کالپوی رحمۃُ اللہِ علیہ | 36 |
| 33 | سلطانُ العاشقین، حضرت سیّد شاہ بَرَکتُ اللہ مارہروی رحمۃُ اللہِ علیہ | 37 |
| 34 | سرکار کلاں حضرت سیّدنا شاہ آلِ محمد مارہروی برکاتی رحمۃُ اللہِ علیہ | 38 |
| 35 | زبدۃ الواصلین، حضرت سیّد شاہ حمزہ مارہروی رحمۃُ اللہِ علیہ | 39 |
| 36 | حضرت سیّد شاہ ابوالفضل آلِ احمد اچھے میاں مارَہروی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ | 40 |
| 37 | مُرشِدِ اعلیٰ حضرت، حضرت شاہ آلِ رسول مارَہروی رحمۃُ اللہِ علیہ | 41 |
| 38 | اعلیٰ حضرت، مجددِ دین وملت امامِ اہلِ سنّت امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ | 42 |
| 39 | قُطب مدینہ، حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری مدنی رحمۃُ اللہِ علیہ | 43 |
| 40 | خلیفہ قطب مدینہ، حضرت مولانا محمد عبد السلام قادری رحمۃُ اللہِ علیہ | 44 |
| 41 | امیر اہل سنت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ | 45 |




www.dawateislami.net


# مختصر تذکرہ
# مشائخِ سلسلۂ قادریہ رضویہ عطاریہ

دنیائے اسلام میں سلسلۂ قادریہ کے ذریعے رشدو ہدایت کا سلسلہ جاری ہے، کروڑوں مسلمان اس سے وابستہ ہیں، اس کی شاخوں کی تعداد بھی سینکڑوں ہے، انہیں میں سے ایک سلسلۂ قادریہ رضویہ عطاریہ بھی ہے جس کے مشائخ کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے:



# حضورِ سرورِ عالَم، محبوبِ ربِّ لم یزل محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(1) ہمارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ولادت 12 ربیع الاول مطابق 20 اپریل 571ء کو وادیٔ بطحا مکہ شریف کے معزز ترین قبیلے قریش میں ہوئی اور 12 ربیع الاوّل 11ھ مطابق 12 جون 632ء کو مدینۂ منورہ میں وصالِ ظاہری فرمایا۔ آپ وجہِ تخلیقِ کائنات، محبوبِ خدا، امام المرسلین، خاتَمُ النبیّٖن اور کائنات کی مؤثر ترین شخصیت کے مالک تھے، آپ نے 40 سال کی عمر میں اعلان نبوت فرمایا، 13 سال مکہ شریف اور 10 سال مدینہ شریف میں دین اسلام کی دعوت دی، اللہ پاک نے آپ پر عظیم کتاب قرآن کریم نازل فرمایا۔ اللہ پاک کے آپ پر بے شمار دُرُود اور سلام ہوں۔[1]



یاالٰہی رحم فرما **مصطفی** کے واسطے
یارسول اللہ کرم کیجیے خدا کے واسطے

1 ... مدارج النبوت، 2/14، آخری نبی کی پیاری سیرت، 143 تا 145

Go To Index





## امیر المؤمنین حضرتِ سیّدنا علی المرتضیٰ شیرِ خدا کَرَّمَ اللہ تعالٰی وجهَهُ الکریم

(2) امیر المؤمنین، مولائے کائنات حضرتِ سیّدنا علی المرتضیٰ شیر خدا کَرَّمَ اللہ تعالٰی وجهَهُ الکریم کی ولادت واقعۂ فیل کے اٹھائیسویں یا تیسویں سال مکۂ مکرمہ میں ہوئی۔ آپ جلیل القدر صحابیِ رسول، دامادِ مصطفٰے، امامِ مشارق و مغارب، اسد اللہ، بابِ علم اور حیدرِ کرار ہیں۔ آپ نے 21 رمضان 40ھ کو شربتِ شہادت نوش فرمایا، آپ کا مزار نجفِ اشرف (عراق) میں ہے۔ (2)

مشکلیں حل کر شہِ **مشکل کشا** کے واسطے<br>
کر بلائیں رد شہید کربلا کے واسطے

2... تاریخ الخلفاء، ص132، مرأۃ الاسرار، ص18 تا 192

Go To Index






## سیّدُ الشُّہداء، حضرتِ سیّدُنا امام حسین رضی اللہ عنہ

(3)سیّدُ الشُّہداء، امامِ عالی مقام، حضرتِ سیّدُنا امام ابوعبد اللہ حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت 5 شعبانُ المعظم 4ھ کو مدینۂ منوّرہ میں ہوئی اور 10 محرمُ الحرام 61ھ کو کربلائے معلّٰی (کوفہ، عراق) میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔ آپ نواسۂ رسول، نورِ عینِ فاطمۂ بتول، جگر گوشۂ علیُّ المرتضیٰ اور پیکرِ صبر و رضا تھے۔ آپ عبادت، زہد، سخاوت، شجاعت، شرم و حیا اور اخلاق کے اعلیٰ درجے پر فائز تھے۔ آپ نے راہِ حق میں سب کچھ لُٹا دیا لیکن باطل کے سامنے سَر نہ جھکایا اور شہادت کا جام پی لیا۔ آپ کی قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ آج اسلام زندہ ہے۔[3]

مشکلیں حل کر شہِ مشکل کشا کے واسطے
کر بلائیں رد **شہیدِ کربلا** کے واسطے

3... سیر اعلام النبلاء، 4/401تا429



www.dawateislami.net

Go To Index






## سجادِ اُمّت، حضرت سیّدنا امام زینُ العابدین رحمۃُ اللہِ علیہ

(4) سجادِ اُمّت، حضرت سیّدنا امام زینُ العابدین ابوالحسن علی اوسط ہاشمی قرشی رحمۃُ اللہِ علیہ شعبان 38ھ کو مدینۂ منورہ میں پیدا ہوئے اور محرمُ الحرام 94ھ میں وصال فرمایا۔ آپ کا مزار جنتُ البقیع میں حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہُ عنہ کے پہلو میں ہے۔ آپ عظیمُ المناقب تابعی، محدِّث، فقیہ، عابد، سخی، صاحبِ زہد و تقویٰ، جلیلُ القدر، عالی مرتبت ہیں۔(4)

سیّدِ سجاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے
علم حق دے باقر علم ہُدیٰ کے واسطے

4... وفیات الاعیان، 2/127، شرح شجرۂ قادریہ، ص54، 51



www.dawateislami.net




# استاذُالتابِعین حضرتِ سیّدنا امام محمد باقر رحمۃُ اللہِ علیہ

(5) استاذُالتابِعین حضرتِ سیّدنا امام محمد باقر رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 57ھ کو مدینۂ منورہ میں ہوئی اور 7ذو الحجہ 114ھ کو وِصال فرمایا، تدفین جنَّتُ البقیع میں ہوئی، آپ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے پوتے اور سیّدنا امام زین العابدین کے بیٹے، تابِعی، فقیہ اور مُحَدِّث ہیں۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃُ اللہِ علیہ نے بھی آپ سے اِستِفادہ فرمایا ہے۔(5)

سیِّدِ سجاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے
علمِ حق دے باقرِ علمِ ہُدیٰ کے واسطے

5... شذرات الذہب، 1/ 260- مرآۃ الاسرار، ص208- مناقبِ امامِ اعظم ابو حنیفہ للکردری، ص39




# امامُ الوقت حضرت امام جعفر صادِق رحمۃُ اللہِ علیہ

(6) امامُ الوقت حضرت امام جعفر صادِق رحمۃُ اللہِ علیہ کی وِلادت 80ھ کو مدینہ منورہ میں ہوئی اور یہیں 15رجب 148ھ کو وِصال فرمایا، جنّتُ البقیع میں دفن کئے گئے، آپ خاندانِ اہلِ بیت کے چشم و چراغ، جلیلُ القدر تابعی، محدِّث و فقیہ، علّامۂ دَہر اوراستاذِ امامِ اعظم ہیں۔(6)

صدقِ صادِق کا تَصَدُّق صادِقُ الاسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے

6… سیر اعلام النبلاء، 6/438، 447، شواہد النبوۃ، ص 245

Go To Index





## سیِّدُ البغداد حضرت سَیِّدُنا ابوالحسن امام مُوسیٰ کاظِم رحمۃُ اللہِ علیہ

(7) سیّدُ البغداد حضرت سَیِّدُنا ابوالحسن امام مُوسیٰ کاظِم رحمۃُ اللہِ علیہ، امامِ کبیر، صاحِبِ سخاوت و تقویٰ اور حُسنِ اَخلاق کے پیکر تھے، 128ھ کو اَبْوَاء حِجازِ مُقدَّس میں پیدا ہوئے اور 25 رجب 183ھ کو بغدادِ مُعَلّٰی میں وِصال فرمایا۔ آپ کا مزار دعاؤں کی قَبُولِیَّت کا مقام ہے۔(7)

صدقِ صادِق کا تَصَدُّق صادِقُ الاسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے

7… تہذیب التہذیب، 10/302، میزان الاعتدال، 4/202



www.dawateislami.net

Go To Index





# شمس الشموس حضرت امام ابو الحسن علی رضا رحمۃُ اللہِ علیہ

(8) شمس الشموس حضرت امام ابو الحسن علی رضا رحمۃُ اللہِ علیہ 148ھ میں مدینۂ منورہ میں پیدا ہوئے۔ آپ حضرت امام موسیٰ کاظم رحمۃُ اللہِ علیہ کے لخت جگر، علم و عمل کے جامع اور ہر دلعزیز شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کا وصال 21 رَمَضان 203ھ میں ہوا۔ ایران کے شہر مَشْہَد (خراسانِ رَضَوی) میں آپ کا مزار "حرمِ امام رضا" کے نام سے عالمگیر شہرت رکھتا ہے۔(8)


صدقِ صادِق کا تَصَدُّق صادِقُ الاسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظم اور **رضا** کے واسطے

---

8... سیر اعلام النبلاء، 8/248، 251



www.dawateislami.net



## شیخِ وقت حضرتِ سیّدنا شیخ معروف کرخی رحمۃ اللہِ علیہ

(9) شیخِ وقت حضرتِ سیّدنا شیخ ابو محفوظ اسدُالدّین معروف کرخی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت بغداد شریف کے ایک علاقے کرخ میں ہوئی۔ یہیں آپ کا وصال 2 محرّمُ الحرام200ھ میں ہوا۔ آپ عالمِ باعمل، ولیِ کامل اور عابد وزاہد تھے۔ آپ کا مزار پُرانوار بغداد شریف میں کرخ کی جانب "قبرستان معروف کرخی" میں دعاؤں کی قبولیت کا مرکز ہے۔(9)

بہر **معروف** وسری معروف دے بیخود سری
جُندِ حق میں گِن جنید باصفا کے واسطے

9... تاریخ الاسلام للذھبی، 13/ 398تا404- مراۃ الجنان، 1/ 353
شرح شجرہ قادریہ رضویہ عطاریہ، ص67تا69



## حضرت سیّدنا ابوالحسن سَرِی سَقَطی رحمۃُ اللہِ علیہ

(10)ولیِ کامل حضرت سیّدنا ابوالحسن سَرِی سَقَطی رحمۃُ اللہِ علیہ سلسلۂ عالیہ قادریہ کے شیخِ طریقت ہیں، آپ کا شمار تبع تابعین میں ہوتا ہے۔155ھ بغداد (عراق) میں پیدا ہوئے، 13رَمَضانُ المبارک253ھ کو وصال فرمایا، مزار مبارک شُونیزِیہّ (بغداد، عراق) میں مرجعِ خلائق ہے۔[10]

بہرِ معروف و سری معروف دے بیخود سری
جُندِ حق میں گِن جنید باصَفا کے واسطے

10... مرآۃ الاسرا، ص324، تاریخ مشائخِ قادریہ رضویہ برکاتیہ، ص118، 122

Go To Index





## امامُ الطّائِفہ حضرت سیِّدُنا ابوالقاسِم جنید بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ

**(11)** امامُ الطّائِفہ حضرت سیِّدُنا ابوالقاسِم جنید بغدادی شافعی رحمۃُ اللہِ علیہ عالِمِ باعمل اور صُوفیِ باصفا ہیں۔ تیسری صدی ہجری کے شروع میں پیدا ہوئے اور 27رجب شریف 297ھ میں وِصال فرمایا۔ مزار شریف بغداد شریف کے عَلاقے شُوْنِیْزِیّہ میں مَرْجَعِ خلائِق ہے۔(11)

بہر معروف و سری معروف دے بیخود سری

جُندِ حق میں گِن **جنید** باصَفا کے واسطے

11... تاریخِ بغداد، 8/168، مرآۃالاسرار، ص349



www.dawateislami.net




# قُطْبُ العارِفین حضرت امام ابوبکر جعفر بن یونس شِبلی رحمۃُ اللہِ علیہ

(12)قُطْبُ العارِفین حضرت امام ابو بکر جعفر بن یونس شِبلی رحمۃُ اللہِ علیہ مُحَدِّث، عالم، واعِظ، مذہبِ مالِکیّہ کے فقِیہ، مُؤطّا امام مالک کے حافِظ، مقامِ مَحْبوبیت پر فائز ولیِ کامل ہیں، ولادت 247ھ کو سامرا (صوبہ صلاح الدّین) عراق میں اور وفات 27 ذوالحجۃ الحرام 334ھ بغداد شریف میں ہوئی۔ مزار مبارک قبرستان خیزران (محلہ اعظمیہ) بغداد میں ہے۔(12)

بہر **شبلی** شیرِ حق دُنیا کے کتوں سے بچا
ایک کا رکھ عبدِ واحِد بے رِیا کے واسطے

12... شرحِ شجرہ قادریہ رضویہ عطاریہ، ص76-البدایہ والنہایہ، 6/612،613

Go To Index



# امامِ حنابلہ، شیخ ابوالفضل عبدالواحد تمیمی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ




(13)امامِ حنابلہ، شیخ ابوالفضل عبدالواحد تمیمی حنبلی رحمۃُ اللہِ علیہ عالمِ باعمل، فقیہِ وقت، صادق روای حدیث اور صاحبِ تصنیف ہیں، وفات 26 جُمادَی الاُخریٰ 410ھ میں ہوئی، اندورنِ مقبرہ امام احمد بن حنبل میں دفن کئے گئے، "اِعتقادُ الإمامِ المُنَبَّلُ أحمدَ بْنِ حَنْبَلْ" آپ کی مشہور کتاب ہے۔(13)

بہرِ شبلی شیرِ حق دُنیا کے کتوں سے بچا
ایک کا رکھ عبدِ واحِد بے رِیا کے واسطے

13... سیر اعلام النبلا، 13/ 170۔ شجرہ قادریہ عطاریہ، 65



www.dawateislami.net

Go To Index






## راحت المسلمین

## حضرت سیّدنا ابوالفَرح محمد یوسف طَرطُوسی رحمۃ اللہ علیہ

**(14)** راحت المسلمین حضرت سیّدنا ابوالفَرح محمد یوسف طَرطُوسی رحمۃُ اللہِ علیہ عالم باعمل اور ولیِ کامل ہیں، آپ شام کے شمال مغربی ساحلی شہر طرطوس میں پیدا ہوئے اور 3 شعبان 447ھ میں یہیں وصال فرمایا۔(14)

**بُوالفَرَح** کا صدقہ کر غم کو فَرَح دے حُسن و سعد
بُو الحسن اور بُوسعید سعد زا کے واسطے

14... تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ، ص215، شریف التواریخ، 1/628



www.dawateislami.net




## شیخ الاسلام حضرتِ سیّدنا ابو الحسن علی بن احمد ہکّاری رحمۃ اللہِ علیہ


(15) شیخ الاسلام، سلطانُ الاولیاء حضرتِ سیّدنا ابو الحسن علی بن احمد ہکّاری رحمۃ اللہِ علیہ کی ولادت 409ھ کو عراق کی سرحد کے ساتھ ہکّاری (جنوب مشرقی ترکی) میں ہوئی اور وصال یکم محرَّمُ الحرام 486ھ کو ہوا، آپ کا مزار مبارک بغداد (عراق) میں ہے۔ آپ زاہد و عابد، محدث و عالِم اور صاحبِ وقار و ہیبت تھے۔ رسالہ "ھدیۃ الاحیاء للاموات" آپ کی تصنیف ہے۔(15)

بُوالفَرَح کا صدقہ کر غم کو فَرَح دے حُسن و سعد
**بُو الحسن** اور بُوسعید سعد زا کے واسطے

15... شذرات الذھب، 4/83تا84-وفیات الاعیان، 2/163

Go To Index





## مرشدِ غوثُ الاعظم حضرت شیخ ابو سعید مبارک مخزومی رحمۃُ اللہ علیہ

**(16)** مرشدِ غوثِ الاعظم حضرت شیخ ابو سعید مبارک مخزومی رحمۃُ اللہِ علیہ فقہِ حنبلی کے فقیہ، صوفی باصفا، قاضی بغداد اور مدرسہ باب الازج کے بانی تھے، بغداد شریف میں پیدا ہوئے اور یہیں 12 محرم 513ھ میں وصال ہوا، باب حرم میں دفن کیے گئے۔ (16)

بُوالفَرَح کا صدقہ کر غم کو فَرَح دے حُسن و سعد
بُو الحسن اور بُوسعید سعد زا کے واسطے

16... شذرات الذہب، 4/179، شریف التواریخ، 1/13



www.dawateislami.net

Go To Index






## غوثُ الاعظم حضرتِ سیّدنا عبد القادر جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ

**(17)** غوثُ الاعظم حضرتِ سیّد محیُ الدّین ابو محمد عبدالقادر جیلانی حَسَنی حُسینی حنبلی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 470ھ کو جیلان (ایران) میں ہوئی اور 11 ربیعُ الآخِر 561ھ کو بغداد شریف (عراق) میں وصال فرمایا۔ آپ جیّد عالمِ دین، بہترین مدرّس، پُراثر واعظ، مصنّفِ کتب، فقہا و محدّثین کے استاذ، شیخُ المشائخ اور مؤثّر ترین شخصیت کے مالک ہیں۔ آپ کا مزارِ مبارک دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے منبعِ انوار و تجلّیات ہے۔(17)

قادِری کر قادِری رکھ قادِریوں میں اُٹھا
قدرِ عبدُالقادِرِ قدرت نُما کے واسطے

---

17… بہجۃالاسرار، ص171، طبقاتِ امام شعرانی، جزء:1، ص178، مرآۃالاسرار، 563، 571




# تاج الاصفیاء، حضرت سیّد عبد الرّزّاق جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ

(18) تاج الاصفیاء، مفتیِ عراق حضرت سیّد عبد الرّزّاق جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ، جید عالم، فقہِ حنبلی کے فقیہ، شیخِ طریقت، مصنف اور استاذُ العلماء تھے۔ "**جِلاءُ الخاطِر مِنْ کَلامِ الشّیخ عبدِ القادِرْ**" آپ کی تالیف ہے۔ آپ 18 ذیقعدہ 528 ہجری میں پیدا ہوئے اور 6 شوال 603 ہجری میں وِصال فرمایا۔ مقبرۂ اِمام احمد بن حنبل عراق میں دفن کیے گئے۔(18)


اَحْسَنَ اللّٰہُ لَھُمْ رِزْقاً سے دے رزقِ حَسَن
بندہ **رزّاق** تاجُ الاصفیاء کے واسطے

18… قلائد الجواہر، ص 43۔ شریف التواریخ، 1/714

Go To Index



# عمادُ الدین حضرتِ سیّدنا ابو صالح عبد اللہ نَصر جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ




(19)عمادُ الدین حضرتِ سیّدنا ابو صالح عبد اللہ نَصر جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 562ھ کو بغداد (عراق) میں ہوئی۔ خاندانِ غوثیت کے چشم وچراغ، سراجُ العُلَماء، فخرُ الفُضَلاء، قاضِیُ القُضاۃ (چیف جسٹس)، وسیعُ العلم اور جلیل القدر شیخِ طریقت ہیں۔ 27رجب 632ھ کو وصال فرمایا اور بغداد میں تدفین ہوئی۔[19]

**نصرِ اَبی صالح** کا صدقہ صالح و منصور رکھ
دے حیاتِ دین مُحیِ جانفزا کے واسطے

---


19 ... تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ برکاتیہ، ص187 تا 192



www.dawateislami.net

Go To Index





## سیّد الاولیاء حضرت سیّد محی الدین ابو نصر محمد جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

(20)سیّدالاولیاء، استاذالعلماء حضرت سیّد محی الدین ابو نصر محمد جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت بغداد میں ہوئی اور 22ربیعُ الاوّل یا 12شوال 656ھ کو وصال فرمایا، تدفین مدرسہ بابُ الازج (بغداد) میں ہوئی۔ آپ نے اپنے والد حضرت سیّد ابوصالح عبد اللہ نصر رحمۃُ اللہِ علیہ اور دیگر عُلَمائے کرام سے علم حاصل کیا۔ آپ حضرت غوثِ اعظم رحمۃُ اللہِ علیہ سے بہت مشابہ، عالمِ دین، مُتّقی اور مدرسہ بابُ الازج کے مُدَرِّس تھے، آپ کا مزار شریف بغداد میں ہے۔[20]

نصرِ اَبی صالح کا صدقہ صالح و منصور رکھ
دے حیاتِ دین محی جانفزا کے واسطے

---

20... قلائد الجواہر، ص47- اتحاف الاکابر، ص396- شرحِ شجرۂ قادریہ رضویہ عطّاریہ، ص92



www.dawateislami.net

Go To Index





# رہنمائے ملّت حضرت سید علی بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ

(21) رہنمائے ملّت حضرت سید علی بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت بغداد میں ہوئی۔ والدِ گرامی حضرت سید محی الدین ابونصر اور دیگر علمائے بغداد رحمۃ اللہ علیہم سے علم و عرفان حاصل کیا۔ والدِ محترم سے خرقِ خلافت حاصل ہوا، آپ کا وصال 23 شوال 739ھ کو بغداد میں ہوا، یہیں تدفین ہوئی۔ (21)

طُورِ عِرفان و عُلُوّ و حمد و حسنٰی و بَہا
دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے


21... شرحِ شجرۂ قادریہ رضویہ عطّاریہ، ص 93



www.dawateislami.net

Go To Index





## قدوۃُ السالکین، حضرت سیّد میر موسیٰ جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ

(22) قدوۃُ السالکین، حضرت سیّد میر موسیٰ جیلانی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت باسعادت بغداد شریف عراق میں ہوئی۔ 13 رجب 763ھ کو وصال فرمایا، تدفین بغداد شریف (عراق) میں ہوئی۔[22]

طُورِ عِرفان و عُلُوّ و حمد و حسنٰی و بَہا
دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے

22... تاریخِ مشائخِ قادریہ رضویہ (برکاتیہ)، ص199



www.dawateislami.net




# زینتِ خاندانِ غوثِ اعظم
## حضرت سیّدنا شیخ سیّد حسن بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ

(23)زینتِ خاندانِ غوثِ اعظم حضرت سیّدنا شیخ سیّد حسن بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت ابتدائے آٹھویں سن ہجری بغداد (عراق) میں ہوئی، آپ عالمِ دین اور آستانۂ غوثیہ کے سجادہ نشین تھے۔ وصال 26صَفَرُ الْمُظَفَّر 781ھ کو فرمایا اور تدفین بغداد شریف میں ہوئی۔ (23)

طُورِ عِرفان و عُلُوّ و حمد و حسنٰی و بَہا
دے علی موسیٰ **حسن** احمد بہا کے واسطے

---

23... تاریخ مشائخِ قادریہ رضویہ برکاتیہ، ص 201




# عارفِ ربّانی حضرت شیخ سیّد احمد جیلانی بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ

(24)عارفِ ربّانی حضرت شیخ سیّد احمد جیلانی بغدادی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت غالباً آٹھویں (8)صدی ہجری کے آخر میں ہوئی اور وصال شریف 19 محرَّمُ الحرام 853 ھ کو بَغداد (عراق) میں ہوا۔ یہیں مزار فائضُ الانوار ہے۔[24]

طُورِ عِرفان و عُلُوّ و حمد و حسنٰی و بَہا
دے علی موسیٰ حسن **احمد** بہا کے واسطے

24... شرح شجرہ قادریہ رضویہ عطاریہ، ص95



# امام سلسلۂ قادریہ فی الہند، حضرت علامہ بہاؤ الدین بن ابراہیم انصاری قادری شطّاری رحمۃُ اللہِ علیہ

(25)امام سلسلۂ قادریہ فی الہند، حضرت علامہ بہاؤ الدین بن ابراہیم انصاری قادری شطّاری رحمۃُ اللہِ علیہ کی وِلادت جِیْنْد (صوبہ ہریانہ) ہند میں ہوئی اور 11 ذوالحجہ 921ھ کو وصال فرمایا، آپ کا مزار دولت آباد (ضلع اورنگ آباد مہاراشٹر) ہند میں ہے۔ آپ عالمِ دین، مُدَرِّس مصنف اور شیخِ طریقت ہیں۔ رسالۃٌ (شَطّارِیّۃٌ) فی الاَذکار وَالاَشْغال آپ کی یادگار تصنیف ہے۔(25)

طُورِ عِرفان و عُلُوّ و حمد و حسنٰی و بَہا
دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے

25... اخبار الاخیار، ص198- شرحِ شجرۂ قادریہ رضویہ عطاریہ، ص96




## امام الاولیاء حضرت علامہ سید ابراہیم ایرجی حسینی رحمۃُ اللہِ علیہ

(26)امام الاولیاء حضرت علامہ سید ابراہیم ایرجی حسینی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت ایرج(ضلع جالون، پنجاب)ہند میں ہوئی۔ آپ جامع علوم وفنون، وسیع النظر، کثیر المطالعہ، جمعِ کتب کے شائق، ولی کامل اور شیخ طریقت ہیں۔5ربیع الآخر953ھ کو وصال فرمایا، تدفین احاطہ درگاہِ محبوب الٰہی سیدنا شیخ نظامُ الدین اولیار حمۃُ اللہِ علیہ دہلی میں ہوئی۔(26)

بہر ابراہیم مجھ پر نارِ غم گلزار کر
بھیک دے داتا بھکاری بادشاہ کے واسطے

26... تذکرہ علمائے ہند، ص83، شرح شجرۂ قادریہ رضویہ عطاریہ، ص97

Go To Index





## عارف باللہ حضرتِ علّامہ قاری شاہ محمد نظامُ الدّین بھکاری علَوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ

(27)عارف باللہ حضرتِ علّامہ قاری شاہ محمد نظامُ الدّین بھکاری[27] علَوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ حافظُ القراٰن، ماہرِ ہفت قراءت، جامعِ عُلوم وفُنون، جیّد عالِم اور کئی کتب کے مصنّف ہیں۔ آپ کی ولادت 890ھ کاکوری (ضلع لکھنو، یوپی) ہند میں ہوئی۔ 8 ذیقعدہ 981ھ کو وصال فرمایا، آپ کا مزار مبارک محلّہ جھنجھری کاکوری ضلع لکھنؤ (یوپی) ہند میں ہے۔[28]

بہر ابراھیم مجھ پر نارِ غم گلزار کر
بھیک دے داتا **بھکاری** بادشاہ کے واسطے

---

27... آپ مُریدین وخلفا کے درمیان بھکاری کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کا یہ لقب غالباً اس لئے مشہور ہوا کہ یہ بار گاہِ ربّ العزت میں مانگنے سے نہیں شرماتے تھے، معاذ اللہ مالداروں سے مانگنے والے بِھکاری نہ تھے۔ (شرح شجرہ قادریہ رضویہ عطاریہ، ص98 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)

28... تذکرہ مشاہیر کاکوری، ص441 تا 456



www.dawateislami.net




## امامُ الاَصْفِیاء حضرت سیِّدنا قاضی ضیاءُ الدّین جیاء عثمانی قادری رحمۃُ اللّٰہِ علیہ

(28) امامُ الاَصْفِیاء حضرت سیّدنا قاضی ضیاءُ الدّین جیاء عثمانی قادری رحمۃُ اللّٰہِ علیہ کی ولادت 925ھ قصبہ نیوتنی (ضلع اناؤ، یوپی) ہند میں ہوئی۔ آپ عالمِ دین، استاذُ العلما اور شیخِ طریقت ہیں۔ 21رجب 989ھ کو وصال فرمایا، مزار مبارک قصبہ نیوتنی میں ہے۔ (29)


خانہ دل کو ضیاء دے رُوئے ایماں کو جمال
شہ **ضیاء** مولیٰ جمال الاولیاء کے واسطے

---

29... تاریخ مشائخِ قادریہ رضویہ (برکاتیہ)، ص221تا223، تاریخ مشائخ قادریہ رضویہ، 2/73

Go To Index





## جمالِ ملّت حضرت علامہ سیّد جمالُ الاولیا کوڑوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ

(29)جمالِ ملّت حضرت علامہ سیّد جمالُ الاولیا کوڑوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ، عالمِ باعمل، استاذُ العلماء، مدرِّس اور شیخِ طریقت ہیں، 973ہجری میں پیدا ہوئے اور یکم شوّال 1047 ہجری میں وِصال فرمایا، مزار مبارک کوڑہ جہان آباد ضلع فتح پور (یوپی) ہند میں ہے۔(30)

خانہ دل کو ضیاء دے رُوئے ایماں کو جمال
شہ ضیاء مولیٰ **جمال الاولیاء** کے واسطے

30… تاریخِ مشائخِ قادریہ رضویہ برکاتیہ، ص225-227

Go To Index





## سید الاولیا حضرت پیر سید محمد کالپوی ترمذی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ


(30)سید الاولیا حضرت پیر سید محمد کالپوی ترمذی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 1006ھ میں ہوئی اور وصال 26 شعبان 1071ھ کو کالپی (ضلع جالون، یوپی) ہند میں ہوا۔ آپ شیخِ طریقت، عالم باعمل، خانقاہ محمدیہ کالپی شریف کے بانی اور کئی کتب کے مصنف ہیں۔ مزار مبارک کالپی شریف میں ہے۔(31)

دے محمد کے لیے روزی کر احمد کے لیے
خوانِ فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے

31... تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ، 314تا322

Go To Index






## سجادہ نشین درگاہِ محمدیہ کالپی شریف

## حضرت علّامہ پیر سیّد احمد شاہ ترمذی کالپوی رحمۃُ اللہِ علیہ

(31)سجادہ نشین درگاہِ محمدیہ کالپی شریف حضرت علّامہ پیر سیّد احمد شاہ ترمذی کالپوی رحمۃُ اللہِ علیہ، ولیِ کامل، عالمِ باعمل، صاحبِ تصانیف اور سلسلۂ عالیہ قادریہ کے اکتیسویں شیخِ طریقت ہیں، گیارہویں صدی ہجری کی ابتدا میں پیدا ہوئے اور 19 صَفَرُ الْمُظَفَّر 1084ھ میں وصال فرمایا، مزار مبارک کالپی شریف (ضلع جالون، یوپی) ہند میں ہے۔[32]

دے محمد کے لیے روزی کر **احمد** کے لیے
خوانِ فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے

---


32... تاریخ مشائخ قادریہ، 2/114



www.dawateislami.net

Go To Index






## حضرت علامہ پیر سیّد فضل اللہ شاہ تِرمذی کالپوی رحمۃُ اللہِ علیہ

(32) مرشدِ سلطانُ العاشقین حضرت علامہ پیر سیّد فضل اللہ شاہ تِرمذی کالپوی رحمۃُ اللہِ علیہ ولیِ کامل، عالمِ باعمل، درگاہِ محمدیہ کالپی شریف (ضلع جالون، یوپی، ہند) کے سَجّادہ نشین اور سلسلۂ عالیہ قادریّہ کے 32 ویں شیخِ طریقت ہیں، دسویں ہجری میں پیدا ہوئے اور 14 ذیقعدہ 1111ھ میں وصال فرمایا مزار مُبارک اپنے جدِّ امجد کے مزار سے مغرب کی جانب کالپی شریف (ضلع جالون، یوپی) ہند میں ہے۔ (33)

دے محمد کے لیے روزی کر احمد کے لیے
خوانِ **فضل اللہ** سے حصہ گدا کے واسطے

---

33... تاریخ مشائخ قادریہ، 2/123، 124



www.dawateislami.net



## سلطانُ العاشقین، حضرت سیّد شاہ بَرَکتُ اللّٰہ مارہروی رحمۃُ اللہِ علیہ

**(33)** سلطانُ العاشقین، حضرت سیّد شاہ بَرَکَتُ اللّٰہ مارہروی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 1070ھ کو بلگرام (اودھ، یوپی) ہند میں ہوئی۔ 10 محرَّمُ الحرام 1142 ھ کو مارہرہ مطہرہ (ضلع ایٹہ، یوپی) ہند میں وصال فرمایا۔ آپ عالمِ باعمل، شیخ المشائخ، مصنفِ کتب، صاحبِ دیوان شاعر، عوام وخواص کے مرجع اور بانیٔ خانقاہ قادریہ برکاتیہ ہیں۔ (34)

دِین و دُنیا کے مجھے بَرَکات دے **بَرَکات** سے
عشقِ حق دے عشقیِ عشقِ اِنتِمَا کے واسطے

34... تاریخ خاندان برکات، ص12 تا17

Go To Index





## سرکارِ کلاں حضرت سیِّدنا شاہ آلِ محمد مارہروی برکاتی رحمۃ اللہِ علیہ

(34)سرکارِ کلاں حضرت سیِّدنا شاہ آلِ محمد مارہروی برکاتی رحمۃ اللہِ علیہ 18 رَمَضان 1111ھ کو بلگرام (ہردوئی، یوپی، ہند) میں پیدا ہوئے۔ 16 رَمَضان 1164ھ کو مارہرہ شریف (ضلع ایٹہ یوپی) ہند میں وصال فرمایا، آپ بھی سلسلۂ عالیہ قادِریہ رَضَویہ عطاریہ کے مشائخ میں سے ہیں۔ آپ کی تالیف "بیاضِ دہلی" خاندانی کتب خانہ میں محفوظ ہے۔[35]

حُبّ اہلِ بیت دے آلِ محمد کے لیے
کر شہیدِ عشق، حمزہ پیشوا کے واسطے

35... تاریخ خاندان برکات، 18، 20



www.dawateislami.net




## زبدۃ الواصلین، حضرت سیّد شاہ حمزہ مارہروی رحمۃ اللہ علیہ

(35)زبدۃ الواصلین، حضرت سیّد شاہ حمزہ مارہروی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 1131ھ مارہرہ شریف (یوپی) ہند میں ہوئی اور یہیں 14 محرَّمُ الحرام 1198ھ کو وصال فرمایا، آپ کا مزار درگاہ شاہ بَرَکَتُ اللہ کے دالان میں شرقی گنبد میں ہے۔ آپ عالمِ باعمل، عظیم شیخِ طریقت، کئی کتب کے مصنف اور مارہرہ شریف کی وسیع لائبریری کے بانی ہیں۔[36]

حُبّ اہلِ بیت دے آلِ محمد کے لیے
کر شہید عشق، حمزہ پیشوا کے واسطے

36... تاریخ خاندان برکات، ص20تا23



## شمسِ مارَہرہ، غوثِ زماں، حضرت سیّد شاہ ابوالفضل

# آلِ احمد اچھے میاں مارَہروی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ

(36) شمسِ مارَہرہ، غوثِ زماں، حضرت سیّد شاہ ابوالفضل آلِ احمد اچھے میاں مارَہروی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 1160ھ کو مارَہرہ مطہرہ (ضلع ایٹا یوپی) ہند میں ہوئی، وصال 17 ربیعُ الاوّل 1235ھ کو یہیں فرمایا۔ آپ جیّد عالمِ دین، واعِظ، مصنّف اور شیخِ طریقت تھے، آدابُ السالکین اور آئینِ احمدی جیسی کتب آپ کی یادگار ہیں۔ آپ سلسلہ قادریہ رضویہ کے 36ویں شیخِ طریقت ہیں۔[37]

دِل کو اچھا تن کو ستھر اجان کو پُر نُور کر
**اچھے** پیارے شمسِ دیں بدرُ العُلٰی کے واسطے

37... احوال و آثارِ شاہ آلِ احمد اچھے میاں مارہروی، ص26



## مُرشدِ اعلیٰ حضرت، خاتمُ الاکابِر
## حضرت شاہ آلِ رسول مارہَروی رحمۃُ اللہِ علیہ

**(37)** مُرشدِ اعلیٰ حضرت، خاتمُ الاکابِر حضرت شاہ آلِ رسول مارہَروی رحمۃُ اللہِ علیہ عالمِ باعمل، صاحبِ وَرَع و تقویٰ اور سلسلہ قادریہ رضویہ کے سینتیسویں (37) شیخِ طریقت ہیں۔ آپ کی ولادت 1209ھ کو خانقاہ برکاتیہ مارہرہ شریف (ضلع ایٹہ، یوپی) ہند میں ہوئی اور یہیں 18 ذوالحجہ 1296ھ کو وصال فرمایا۔[38]

دو جہاں میں خادمِ آلِ رسولُ اللہ کر
حضرتِ آلِ رسولِ مقتدا کے واسطے

38... تاریخ خاندان برکات، ص37تا46



# اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنّت امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ

(38)اعلیٰ حضرت، مجدِدِ دین و ملت امامِ اہلِ سنّت امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 10 شوال 1272ھ کو بریلی شریف (یو.پی) ہند میں ہوئی اور یہیں 25 صفر 1340ھ کو وِصال فرمایا۔ مزار مبارک مرجع خاص و عام ہے۔ آپ حافظِ قراٰن، 50 سے زیادہ جدید و قدیم علوم کے ماہر، تاجدارِ فقہا و محدثین، مصلحِ اُمّت، نعت گو شاعر، سلسلہ عالیہ قادریہ کے عظیم شیخِ طریقت، تقریباً ایک ہزار کتب کے مصنف، مرجعِ علمائے عرب و عجم اور چودھویں صدی کے مجدد اور مؤثر ترین شخصیت کے مالک تھے۔ کَنزُالایمان فِی تَرجَمَۃِ القُراٰن، فتاویٰ رضویہ (33 جلدیں)، جَدالممتار علیٰ ردِّالمحتار (7 جلدیں، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی) اور حدائقِ بخشش آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔[39]

کر عطا احمد رضائے احمد مرسل مجھے
میرے مولیٰ حضرتِ **احمد رضا** کے واسطے

39… حیاتِ اعلیٰ حضرت، 1/58، 3/295، مکتبۃ المدینہ، تاریخِ مشائخِ قادریہ رضویہ برکاتیہ، ص282، 301



## قُطبِ مدینہ حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری مدنی رحمۃُ اللہِ علیہ

(39) قُطبِ مدینہ، شَیخُ العَرَبِ والعَجَم، حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری مدنی رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 1294ھ / 1877ء کلاس والا ضلع سیالکوٹ میں ہوئی اور وصال 4ذوالحجہ 1401ھ /2اکتوبر 1981ء کو مدینہ منورہ میں ہوا۔ تدفین جنۃ البقیع میں کی گئی۔ آپ عالمِ باعمل ،ولیِ کامل، حسنِ اخلاق کے پیکر اور دنیا بھر کے علماومشائخ کے مرجع تھے۔ آپ نے تقریباً75سال مدینۂ منوّرہ میں قیام کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اپنے مکانِ عالی شان پر روزانہ محفل میلاد کا انعقاد فرماتے تھے۔امیر اہل سنت علامہ محمد الیاس عطار قادری صاحب آپ کے مرید ہیں۔[40]

پُرضیاء کر میرا چہرہ حشر میں اے کبریا
شہ **ضیاء الدین** پیر باصفا کے واسطے

---

40 ...سیدی قطب مدینہ، 7، 8، 11، 17

Go To Index





خلیفۂ قطبِ مدینہ، قمرِ رضا

حضرت مولانا ابوالفقراء

محمد عبدالسلام قادری رحمۃُ اللہِ علیہ

**(40)** خلیفۂ قطبِ مدینہ ، قمرِ رضا حضرت مولانا ابوالفقراء محمد عبدالسلام قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کی ولادت 15 شعبان 1343ھ مطابق 11 مارچ 1925ء کو موضع کڑے مانک پور (تحصیل بند کی ضلع فتح پور ہسوہ، یوپی ہند) میں ہوئی اور وصال 25 محرم 1419ھ مطابق 21 مئی 1998ء موضع کمبھی اہمہ (تحصیل لال گنج ضلع پرتاب گڑھ یوپی ہند) میں فرمایا۔ یہاں کے قبرستان میں مزار ہے جہاں ہر سال عرس ہوتا ہے، آپ حافظ قرآن، عالم باعمل، تلمیذ و مرید و خلیفۂ شیر بیشہ سنت ، وکیل و خلیفہ قطب مدینہ ، مستجابُ الدعوات اور صاحبِ کرامت ولیُ اللہ تھے، انھوں نے امیر اہل سنت کو 11 ربیع الآخر 1399ھ مطابق 10 مارچ 1979ء کو سلسلۂ قادریہ کی خلافت سے نوازا۔[41]

اَحیِنَا فِی الدِّیۡنِ وَالدُّنۡیَا سَلَامٌ بِالسَّلَامِ

قادِری **عبدالسلام** خوش ادا کے واسطے

---

41 ... فیضان مولانا محمد عبدالسلام قادری، 70، 65، 7، 2



www.dawateislami.net



# امیر اہل سنت حضرت
# علامہ مولانا محمد الیاس
# عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

**(41)** امیرِ اہلِ سنّت، ولیِ کامل حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی ولادت 26 رمضان 1369ھ مطابق 12 جولائی 1950ء کو اولڈ ٹاؤن کراچی میں ہوئی، آپ مشہور عالمِ دین، پُراثر واعظ، بہترین منتظم، صاحبِ دیوان شاعر، کثیر کتب کے مصنف، زہد و تقویٰ کے پیکر، عاشقانِ رسول کی عالمگیر تحریک دعوت اسلامی کے بانی اور سلسلۂ قادریہ رضویہ عطاریہ کے شیخ طریقت ہیں۔ آپ کا شمار پندرہویں صدی ہجری کی مؤثر ترین شخصیات میں ہوتا ہے۔ آپ ہزاروں بیانات اور دو ہزار چار سو سے زائد مدنی مذاکرے (سوالات جوابات کے سلسلے) فرما چکے ہیں۔ فیضانِ سنّت اور نعتیہ دیوان وسائلِ بخشش سمیت 117 سے زائد کتب و رسائل لکھ چکے ہیں۔ دنیا بھر میں آپ کے مریدین کی تعداد لاکھوں اور محبین کی تعداد کروڑوں میں ہے۔(42)

عشقِ احمد میں عطا کر چشمِ تر سوزِ جگر
یاخدا **اِلیاس** کو احمد رضا کے واسطے

---

42 ...بیک ٹائٹل، مناقب عطار


اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# سُنّت کی بہاریں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مہکے مہکے مَدَنی ماحول میں بکثرت سُنّتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں، ہر جمعرات مغرب کی نَماز کے بعد آپ کے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کیلئے اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجا ہے۔ عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں بہ نیّتِ ثواب سُنّتوں کی تربیت کیلئے سفر اور روزانہ فکرِ مدینہ کے ذریعے مَدَنی انعامات کا رسالہ پُر کر کے ہر مَدَنی ماہ کے ابتدائی دس دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے ذمے دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کی بَرَکت سے پابندِ سنّت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کیلئے کُڑھنے کا ذہن بنے گا۔

ہر اسلامی بھائی اپنا یہ ذہن بنائے کہ **"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔"** اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے **"مَدَنی انعامات"** پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے **"مَدَنی قافلوں"** میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ







شب و روز

**For More Updates**
**news.dawateislami.net**